پرائمری سکولوں اور ناظرہ وحفظ کے بچوں کو سیرت النبی ﷺ اور سیرت صحابہ رضی اللہ عنہم و اہل بیت رضی اللہ عنہم
سے متعارف کرانے کے لیے "بزم اطفال مسلم پاکستان" کا تیار کیا گیا نصاب

امیر المومنین | خلیفہ چہارم | داماد پیغمبر

سسر عمر | فاتح خیبر | ہمزلف عثمان

# حضرت سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ

## بزم اطفال مسلم پاکستان

سوال: حضرت علی رضی اللہ عنہ کون تھے؟

جواب: حضرت علی رضی اللہ عنہ ہمارے نبی ﷺ کے چچازاد بھائی، ہمارے نبی ﷺ کے داماد اور مسلمانوں کے چوتھے خلیفہ تھے۔

سوال: حضرت علی کب پیدا ہوئے؟

جواب: آپ بعثت نبوی سے دس سال پہلے مکہ میں پیدا ہوئے۔

سوال: حضرت علی کی کنیت کیا تھی؟

جواب: ابوالحسن۔

سوال: حضرت علیؓ کے والد محترم کا کیا نام تھا؟

جواب: حضرت علیؓ کے والد کا نام عبد مناف تھا۔

سوال: حضرت علی کے والد گرامی کس نام سے مشہور تھے؟

جواب: اپنی کنیت ابوطالب کے نام سے مشہور تھے۔

سوال: حضرت علی کی والدہ محترمہ کا کیا نام تھا؟

جواب: آپ کی والدہ کا نام حضرت فاطمہ بنت اسد تھا۔

سوال: والدین کے علاوہ حضرت علی کس کی پرورش میں رہے؟

جواب: حضور ﷺ کی پرورش میں رہے۔

سوال: حضرت علی نے کتنی عمر میں اسلام قبول کیا؟

جواب: دس سال کی عمر میں۔

سوال: حضرت علی کتنے بھائی تھے؟

جواب: چار بھائی تھے۔

سوال: بھائیوں کے نام کیا تھے؟

جواب: طالب، عقیل، جعفر اور علی۔

سوال: حضرت علیؓ کے کس کس بھائی نے اسلام قبول کیا؟

جواب: حضرت عقیل رضی اللہ عنہ اور حضرت جعفر رضی اللہ عنہ نے۔

سوال: حضرت علی کا ذریعہ معاش کیا تھا؟

جواب: آپ کا ذریعہ معاش تجارت تھا۔

سوال: ہجرت کی رات حضور ﷺ نے حضرت علیؓ کو کہاں سلایا تھا؟

جواب: اپنے بستر پر۔

سوال: ہجرت کے وقت حضور ﷺ نے حضرت علیؓ کے کیا سپرد کیا تھا؟

جواب: لوگوں کی امانتیں۔

سوال: ہجرت کے وقت حضور ﷺ نے حضرت علیؓ سے کیا فرمایا تھا؟

جواب: حضور ﷺ نے فرمایا یہ لوگوں کے امانتیں ان کو حوالے کر کے مدینے آجانا

سوال: ہجرت کے بعد حضرت علی کی حضور ﷺ سے پہلی ملاقات کہاں ہوئی؟

جواب: مدینہ سے پہلے قبا کے مقام پر۔

سوال: ہجرت کے بعد حضور نے حضرت علی کو کس کا بھائی بنایا تھا؟

جواب: حضور ﷺ نے اپنا بھائی بنایا۔

سوال: حضرت علی کی شادی کب ہوئی تھی؟

جواب: سن 2 ہجری میں۔

سوال: حضرت علی کی شادی کس سے ہوئی تھی؟

جواب: حضور ﷺ کی سب سے چھوٹی بیٹی حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے۔

سوال: حضرت علی کو رسول اللہ ﷺ سے حضرت فاطمہؓ کا رشتہ مانگنے کا مشورہ کس نے دیا تھا؟

جواب: حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ نے۔

سوال: حضرت علیؓ اور حضرت فاطمہؓ کے نکاح کا حق مہر کتنا تھا؟

جواب: پانچ سو درہم۔

سوال: حضرت علیؓ کے نکاح کے گواہ کون تھے؟

جواب: آپ کے نکاح کے گواہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ، حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور مجلس میں موجود دیگر صحابہؓ تھے۔

سوال: حضرت علیؓ نے حق مہر ادا کرنے کے لیے اپنی زرہ کس کو بیچی تھی؟

جواب: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو۔

سوال: حضرت عثمانؓ نے زرہ کی قیمت ادا کرنے کے بعد کیا کہا؟

جواب: حضرت عثمان نے فرمایا اے علیؓ! یہ زرہ بھی میری طرف آپ کے لیے ہدیہ ہے۔

سوال: حضرت علیؓ کے حضرت سیدہ فاطمہؓ سے کتنے بیٹے تھے؟

جواب: دو بیٹے تھے حضرت حسن رضی اللہ عنہ اور حضرت حسین رضی اللہ عنہ۔

سوال: حضرت علی کی حضرت فاطمہؓ سے کتنی بیٹیاں پیدا ہوئیں؟

جواب: تین بیٹیاں تھیں۔ حضرت زینب، حضرت ام کلثوم اور تیسری حضرت رقیہ جو بچپن میں فوت ہوگئیں تھی۔

سوال: حضرت علیؓ اور حضرت فاطمہؓ شادی کے بعد کتنے سال ایک ساتھ رہے؟

جواب: تقریباً نو سال۔

سوال: حضرت علی کی زوجہ محترمہ حضرت فاطمہؓ کی وفات کب ہوئی؟

جواب: تین رمضان گیارہ ہجری کو۔

سوال: حضرت فاطمہؓ نے اپنے بعد حضرت علی کو کس سے شادی کرنے کا مشورہ دیا تھا؟

جواب: اپنی بھانجی حضرت امامہ بنت ابوالعاص رضی اللہ عنہا سے۔

سوال: حضرت علی کی حضرت فاطمہؓ کے علاوہ اور کتنی بیویاں تھیں؟

جواب: آٹھ بیویاں تھیں۔

سوال: حضرت علی رضی اللہ عنہ کی کل اولاد کتنی تھی؟

جواب: 18 بیٹے اور 18 ہی بیٹیاں۔

سوال: حضرت علی کی کون سی بیٹی کی شادی حضرت عمر فاروقؓ سے ہوئی تھی؟

جواب: حضرت ام کلثوم رضی اللہ عنہا کی۔

سوال: حضرت علی کی اس بیٹی ام کلثوم کی والدہ کون تھیں؟

جواب: حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا۔

سوال: حضرت علی کی بیٹی حضرت زینب کی شادی کس سے ہوئی تھی؟

جواب: حضرت علیؓ کے بھتیجے حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ سے۔

سوال: حضور ﷺ نے حضرت علی کو کس کنیت سے پکارا تھا؟

جواب: ابوتراب کی کنیت سے۔

سوال: غزوہ بدر کے وقت حضرت علی کی عمر کتنی تھی؟

جواب: تقریباً بائیس سال تھی۔

سوال: جنگ بدر میں حضرت علیؓ نے ایک ہی وار میں کس کافر کو مارا تھا؟

جواب: ولید کو۔

سوال: حضرت علیؓ نے ولید کو قتل کرنے کے بعد کس کافر پر حملہ کیا؟

جواب: شیبہ پر۔

سوال: جنگ احد میں حضور ﷺ جب زخمی ہوئے تو حضرت علیؓ پانی کہاں سے بھر کر لائے؟

جواب: مہراس نامی کنویں سے۔

سوال: جنگ خندق میں حضرت علی کا مقابلہ کفار کے کس بہادر سے ہوا تھا؟

جواب: عَمرو بن عبدود سے۔

سوال: حضور ﷺ نے جنگ خیبر میں فتح کی خوش خبری سناتے ہوئے جھنڈا کس کو دیا تھا؟

جواب: حضرت علی رضی اللہ عنہ کو۔

سوال: حضور ﷺ نے جھنڈا تھامنے والے مجاہد کے لیے کیا فرمایا تھا؟

جواب: آپ ﷺ نے فرمایا تھا کل جھنڈا ایسے شخص کو دیا جائے گا جس سے اللہ اور اس کا رسول محبت کرتے ہیں۔

سوال: حضرت علیؓ وہاں موجود کیوں نہیں تھے؟

جواب: کیونکہ حضرت علی کی آنکھ میں تکلیف تھی۔

سوال: حضرت علی کی آنکھ کیسے ٹھیک ہوئی؟

جواب: حضور ﷺ نے اپنا لعاب لگایا تھا۔

سوال: حضرت علیؓ نے جنگ خیبر میں کون سا قلعہ فتح کیا تھا؟

جواب: قلعہ قموص۔

سوال: حضرت علیؓ نے جنگ خیبر میں یہودیوں کے کس بہادر کو قتل کیا تھا؟

جواب: مرحب کو۔

سوال: حضور ﷺ نے حضرت علی کو تبلیغ کے لیے کس قبیلے کی طرف بھیجا تھا؟

جواب: قبیلہ مذحج کی طرف۔

سوال: حضرت علی کو کس قبیلے کے بت گرانے کے لیے حضور ﷺ نے بھیجا تھا؟

جواب: قبیلہ طے کے بت فلس کو گرانے۔

سوال: کس غزوے میں حضور ﷺ نے حضرت علی کو مدینہ میں ٹھہرنے کا حکم فرمایا تھا؟

جواب: غزوہ تبوک کے موقع پر۔

سوال: حضور ﷺ نے حجۃ الوداع کے موقع پر حضرت علیؓ سے کتنے اونٹ ذبح کرائے تھے؟

جواب: 37 اونٹ ذبح کرائے۔

سوال: حضور ﷺ کے آخری ایام میں حضرت علی کو کیا اعزاز ملا؟

جواب: حضرت علی کو آخری ایام میں حضور ﷺ کی خدمت کا اعزاز ملا۔

سوال: آخری ایام میں جب حضور ﷺ نے حضرت علیؓ سے کاغذ قلم لانے کا کہا تو حضرت علیؓ نے کیا جواب دیا تھا؟

جواب: حضرت علیؓ نے کہا یا رسول اللہ! آپ ایسے ہی فرمادیں میں یاد رکھوں گا

سوال: آخری ایام میں حضور ﷺ نے حضرت علی کو کیا وصیت فرمائی تھی؟

جواب: حضور ﷺ نے نماز کی پابندی اور غلاموں کے ساتھ اچھے سلوک کی وصیت فرمائی تھی۔

سوال: حضرت علیؓ کے کون سے بھائی جنگ موتہ میں شہید ہوئے تھے؟

جواب: حضرت جعفر طیار رضی اللہ عنہ۔

سوال: حضرت علی کی کون سی بھابھی سے حضرت ابوبکر صدیقؓ نے نکاح کیا تھا؟

جواب: حضرت اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہ سے۔

سوال: حضرت اسماء بنت عمیسؓ، پہلے حضرت علیؓ کے کس بھائی کی بیوی تھی؟

جواب: حضرت جعفر رضی اللہ عنہ کی۔

سوال: حضرت عمرؓ نے کس جنگ پر جاتے ہوئے حضرت علی کو مدینہ میں اپنا نائب بنایا تھا؟

جواب: جنگ قادسیہ پر جاتے وقت۔

سوال: اسلامی تاریخ شروع کرنے کے لیے حضرت علیؓ نے حضرت عمر کو کیا مشورہ دیا تھا؟

جواب: حضرت علیؓ نے کہا کہ اسلامی تاریخ کو حضور ﷺ کی ہجرت سے شروع کیا جائے۔

سوال: حضرت علی کا مشورہ سن کر حضرت عمرؓ نے کیا فرمایا؟

جواب: حضرت عمرؓ نے فرمایا یہ سب سے مناسب مشورہ ہے اور فیصلہ سنا دیا۔

سوال: حضرت عمرؓ نے شہادت سے پہلے زخمی حالت میں حضرت علی کو کیا وصیت فرمائی تھی؟

جواب: حضرت عمرؓ نے فرمایا: اے علیؓ! اگر یہ لوگ تمہاری رسول اللہ ﷺ سے رشتہ داری کی وجہ سے تمہیں خلیفہ بنالیں تو اللہ سے ڈرنا اور بنی ہاشم کو لوگوں کی گردنوں پر سوار نہ کر دینا۔

سوال: حضرت عمر کی شہادت کے وقت حضرت علیؓ نے کیا فرمایا تھا؟

جواب: حضرت علیؓ نے فرمایا: اللہ کی قسم مجھے اس چادر سے ڈھکے ہوئے شخص سے زیادہ کوئی پسند نہیں کہ اس جیسے اعمال لے کر اللہ سے جاملوں۔

سوال: حضرت عثمان کی شہادت سے پہلے حضرت علیؓ نے اپنے بیٹوں سے کیا فرمایا تھا؟

جواب: حضرت علیؓ نے فرمایا تلوار اٹھاؤ اور امیر المؤمنین حضرت عثمان کے دروازے پر پہرہ دو۔

سوال: حضرت عثمانؓ کے دروازے پر حضرت علیؓ کے کون کون سے بیٹوں نے پہرہ دیا تھا؟

جواب: حضرت حسنؓ اور حضرت حسینؓ۔

سوال: حضرت علیؓ خلیفہ کب بنے؟

جواب: حضرت عثمانؓ کی شہادت کے بعد ذوالحج 35 ہجری میں۔

سوال: حضرت علیؓ نے حضرت ابوبکرؓ کے کس بیٹے کو گورنر بنایا تھا؟

جواب: محمد بن ابوبکر کو مصر کا گورنر بنایا تھا۔

سوال: حضرت علیؓ کی مدت خلافت کتنی تھی؟

جواب: چار سال آٹھ ماہ چوبیس دن۔

سوال: حضرت علیؓ نے اپنا دارالخلافہ کس شہر کو بنایا تھا؟

جواب: کوفہ کو۔

سوال: حضرت علیؓ کب شہید ہوئے؟

جواب: 21 رمضان 40 ہجری کو۔

سوال: حضرت علیؓ کہاں شہید ہوئے؟

جواب: شہر کوفہ میں۔

سوال: حضرت علیؓ کا قاتل کون ہے؟

جواب: حضرت علی کا قاتل ایک خارجی عبدالرحمٰن ابن ملجم ہے۔

سوال: دشمن نے حضرت علیؓ کے ساتھ ساتھ ایک ہی وقت میں اور کس کس پر حملے کا پلان بنایا تھا؟

جواب: حضرت معاویہ اور حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہما کے خلاف۔

سوال: حضرت علیؓ نے کتنی احادیث نقل کی ہیں؟

جواب: 586 احادیث۔

سوال: حضرت علیؓ کے کس بیٹے نے حضرت معاویہ ہاتھ پر بیعت کر کے صلح کر لی تھی؟

جواب: حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہ نے۔

سوال: کربلا میں حضرت علیؓ کے کتنے بیٹے شہید ہوئے تھے۔

جواب: کربلا میں حضرت علیؓ کے سات بیٹے شہید ہوئے۔

سوال: کربلا میں شہید ہونے والے حضرت علیؓ کے بیٹوں کے نام کیا ہیں؟

جواب: حضرت حسین بن علی، حضرت عباس بن علی، حضرت ابوبکر بن علی، حضرت عمر بن علی، حضرت عثمان بن علی، حضرت جعفر بن علی، حضرت عبداللہ بن علی

سوال: حضرت علی سے محبت کے بارے حضور ﷺ نے کیا فرمایا؟

جواب: حضور ﷺ نے فرمایا: علی سے محبت ایمان کی علامت ہے اور علی سے دشمنی رکھنا منافق کی نشانی ہے۔

سوال: حضرت علیؓ کے قاضی ہونے کے بارے حضور ﷺ نے کیا فرمایا؟

جواب: حضور ﷺ نے فرمایا: میری امت کے سب سے بڑے قاضی (جج) حضرت علیؓ ہیں۔

سوال: حضور ﷺ نے حضرت علی کے علم کے بارے کیا فرمایا؟

جواب: آپ ﷺ نے فرمایا: میں علم کا شہر ہوں علی اس کا دروازہ ہیں۔